سوال

(386) فرضی نماز توڑ کر فرضی نماز کی جماعت میں شامل ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی شخص اپنی فرض نماز تنہا ادا کر رہا ہو، اسی دوران لوگ جماعت ثانیہ کے ساتھ وہاں نماز قائم کریں تو وہ شخص نماز توڑ کر نئے سرے سے جماعت ثانیہ میں شامل ہو یا اسی پہلی نماز پر بناء کر کے جماعت میں شامل ہو جائے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظاہر یہ ہے کہ ایسی صورت میں اس شخص کو تنہا نماز مکمل کر لینی چاہیے۔ کیونکہ یہ کیفیت اصل بناء کے مطابق ہے۔ تاہم سوال میں مرقومہ دونوں صورتوں میں بھی کوئی حرج معلوم نہیں ہوتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة : صفحہ :352

محدث فتویٰ